E-Auction میں حصہ لینے کیلئے چیدہ چیدہ شرائط درجہ ذیل ہیں۔

(1) تمام پیشگی دہندگان نیلامی کے اختتام پر اگلے دو دن تک بروز جمعرات اور جمعہ کو اپنے ڈومیسائل کا اور بجنل 15 فیصد کال ڈیپازٹ ٹی ایم اے خار کے ساتھ جمع کریگا۔ اس طرح کامیاب بولی دہندہ 15 فیصد ایڈوانس / پیشگی رقم بھی مذکورہ ایام میں جمع کرنے کا پابند ہوگا۔ ناکامی کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کیا جائیگا اور جمع شدہ زر بیعانہ بحق دفتر TMA خار ضبط کر کے ٹھیکیدار / فرم کا لائسنس بلیک لسٹ کیا جائیگا۔ (2) لوکل کونسل بورڈ / TMA خار کے بقایاداران یا ان کے بااختیار نمائندے E-auction میں حصہ لینے کے مجاز نہیں ہونگے۔ (3) نیلامی کی منظوری مجاز اتھارٹی کی صوابدید پر ہوگی۔ مجاز اتھارٹی کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ معقول وجوہات بتا کر ایک یا تمام نیلامی منظور / مسترد کر دے۔ (4) ملاکنڈ ڈویژن سے تعلق نہ رکھنے والا بولی دہندہ حکومت کی وضع کردہ پالیسی کے تحت ماہوار قسط کے ساتھ انکم ٹیکس بھی ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ جبکہ دیگر ٹیکسز جو کہ وفاقی و صوبائی حکومت سے وقتاً فوقتاً لاگو ہونگے بھی جمع کرنے کا پابند ہوگا۔ (5) بولی دہندہ قانونی شرح کے مطابق فیس وصولی کا خود ذمہ دار ہوگا، ناکامی کی صورت میں حکومت / TMA خار ذمہ دار نہ ہوگا۔ نیز بولی کی تاریخ کے بعد سات دن کے اندر اندر کامیاب بولی دہندہ تحریری معاہدہ نامہ کا پابند ہوگا اور ساتھ ہی دو گارنٹر جن کے اثاثوں کی مالیت ٹھیکہ کی رقم کی برابر ہو رجسٹر سٹامپ پیپر فرسٹ کلاس مجسٹریٹ سے تصدیق شدہ جمع کرنے کا پابند ہوگا۔ (6) بولی دہندہ کو بدوران ٹھیکہ بارش، ہڑتال وغیرہ کسی قسم کی معافی نہیں دی جائیگی۔ 7) پیچی اڈہ خار بازار اور کار پارکنگ بمقام میلہ مال مویشی صدیق آباد پھاٹک کیلئے کامیاب بولی دہندہ اراضی کا بندوبست خود کریگا جس کیلئے TMA خار سے کوئی رقم کٹوتی یا رقم اجارہ داری کی ادائیگی کا مطالبہ نہیں کریگا۔ (8) کامیاب بولی دہندہ جناح بس ٹرمینل اڈہ شنڈئی موڑ صرف نان لوکل اور سواریوں کی گاڑیوں سے ٹیکس وصولی کا جواز ہوگا۔ لوکل اور سبزی ڈانسن سوزوکی اور ٹرک وغیرہ سے ٹیکس وصول نہیں کریگا۔ نیز معدنیات پتھر کے ٹرک وغیرہ سے ٹیکس وصول نہیں کریگا۔ اس طرح تمام لوکل سٹینڈ / اڈوں کا کامیاب بولی دہندہ صرف لوکل گاڑیوں یعنی اندر حدودات باجوڑ سے فیس وصولی کا پابند ہوگا۔ جبکہ نان لوکل گاڑیاں خواہ وہ لوکل اڈے میں پارک ہوں تو وہ جناح بس ٹرمینل اڈہ کے کامیاب ٹھیکیدار کو اڈہ فیس دینے کا پابند ہوگا۔ (9) دیگر شرائط و ضوابط اور شیڈول وغیرہ ٹھیکہ جات دفتری اوقات کار میں دفتر تحصیل آفیسر ریگولیشن TMA خار ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔ (10) کامیاب بولی دہندہ ماہانہ قسط / رقم ہر مہینے کی 1 تاریخ تک جمع کرنے کا پابند ہوگا۔ ناکامی کی صورت میں 10 تاریخ تک 2 فیصد جرمانہ لاگو ہوگا۔ فائنل نوٹس کے بعد اسی مہینے کی 15 تاریخ تک ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائیگا۔ (11) اگر دفتر TMA خار کسی بھی لوکل اڈہ کو متبادل جگہ منتقل کرنا چاہے تو ٹھیکیدار کو کوئی اعتراض نہیں ہوگا اور ٹھیکیدار دفتر کے اس فیصلے کو کسی بھی عدالت میں چیلنج نہیں کریگا۔

نوٹ:۔ اشتہار ہذا لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخوا کی ویب سائٹ https://cfmis.lgkp.gov.pk/public/auctions/ پر ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

المشتہر:۔ تحصیل آفیسر (ریگولیشن)، تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن خار ضلع باجوڑ

بحکم:۔ تحصیل میونسپل آفیسر، تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن خار ضلع باجوڑ

zero tolerance to corruption

INF(P)2250/26

CamScanner